برسوں نہیں صدیوں سے میں بیمار ہوں مولا
باہر کے اجالے مجھے کیا راہ دکھائے
اندر کے اندھیروں میں گرفتار ہوں مولا
Rifai Network Official
جن سے میں گزر جاؤں وہ در کھول دے مجھ میں
خود اپنے ہی رستے کی میں دیوار ہوں مولا
اک تیرا اشارہ ہو اور آسان ہو مشکل
اک ابر اٹھے اور میں اس پار ہوں مولا
Rifai Network Official
Sayyed Ahmadullah Rifai

جانم فدائے حیدری

جانم فدائے حیدری یا علی (ع) علی (ع) علی (ع)

ہے محمد (ص) میرا دل تو سینا علی (ع)

میرے جینے کا واحد قرینہ علی (ع)

دین اسلام کا ہے نگینہ علی (ع)

حق کی منزل کا پہلا ہے زینا علی (ع)

دشت میں آمد کا پہلا قطرہ علی (ع)

میرا مرشد بھی آقا بھی مولا علی (ع)

ہر سو صدائے حیدری

یا علی (ع) علی (ع) علی (ع)

https://www.nohalyrics.net

صبح سے شام تک ہر پہر ہر گھڑی

لب پہ اپنے رہے نعرہ حیدری

یعنی خیبر شکن یعنی مشکل کشاء

بعد یزداں کی ہے دوسرا آسرا

میں مصیبت میں اب کیوں پریشاں رہوں

غم کے ماروں کا ہے تو سہارا علی (ع)

رمز بتائے ہاشمی

یا علی (ع) علی (ع) علی (ع)

کلام۔ سلیم عباس

LYRICS
https://www.nohalyrics.net

اے شہنشاہِ مدینہ اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام
زینتِ عرشِ معلّٰی اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

RIFAI NETWORK

رَبِّ هَبْ لِیْ اُمَّتِیْ کہتے ہوئے پیدا ہوئے
حق نے فرمایا کہ بخشا اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

دست بستہ سب فرشتے پڑھتے ہیں ان پر دُرود
کیوں نہ ہو پھر وِرد اپنا اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

مومنو پڑھتے نہیں کیوں اپنے آقا پر دُرود
ہے فرشتوں کا وظیفہ اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

بت شکن آیا یہ کہہ کر سر کے بل بت گر گئے
جھوم کر کہتا تھا کعبہ اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

سر جھکا کر باادب عشقِ رَسُولُ اللّٰہ میں
کہہ رہا تھا ہر ستارہ اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

RIFAI NETWORK OFFICIAL
WHATSAPP NUMBER +919183259405

غنچے چٹکے پھول مہکے چہچہائیں بلبلیں
گل کھلا باغِ احد کا اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

RIFAI NETWORK

میں وہ سنی ہوں جمیلؔ قادری مرنے کے بعد
میرا لاشہ بھی کہے گا اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَام

RIFAI NETWORK

حالِ دل کس کو سنائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے
کیوں کسی کے در پہ جائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

میں غلامِ مصطفی ﷺ ہوں یہ مری پہچان ہے
غم مجھے کیوں کر ستائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

شانِ محبوبی دکھائی جائے گی محشر کے دن
کون دیکھے گا خطائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

زلفِ محبوبِ خدا لہرائے گی محشر کے دن
خوب یہ کس کی گھٹائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

میں یہ کیسے مان جاؤں شام کے بازار میں
چھین لے کوئی ردائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

اپنا جینا اپنا مرنا اب اسی چوکھٹ پہ ہے
ہم کہاں سرکار جائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

کہہ رہا ہے آپ کا رب "اَنتَ فِیھِم" آپ سے
میں انہیں دوں کیوں سزائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

یہ تو ہو سکتا نہیں ہے یہ بات ممکن ہی نہیں
میرے گھر میں غم آ جائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

کون ہے الطافؔ اپنا حالِ دل کس سے کہیں
زخمِ دل کس کو دکھائیں آپ ﷺ کے ہوتے ہوئے

حضور ﷺ میری تو ساری بہار آپ ﷺ سے ہے

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

زمیں میلی نہیں ہوتی ضمن میلا نہیں ہوتا
محمد ﷺ کے غلاموں کا کفن میلا نہیں ہوتا

جو نامِ مصطفیٰ ﷺ چومیں کبھی دکھتی نہیں آنکھیں
پہن لے پیار جو اُن کا بدن میلا نہیں ہوتا

محبت کملی والے سے وہ جذبہ ہے سنو لوگو
یہ جس من میں سما جائے وہ من میلا نہیں ہوتا

گلوں کو چوم لیتی ہیں سحر نم شبنمی قطرے
نبی ﷺ کی نعت سُن لیں تو چمن میلا نہیں ہوتا

نبی ﷺ کا دامنِ رحمت پکڑ لو اِے جہاں والو
رہے جب تک یہ ہاتھوں میں چلن میلا نہیں ہوتا

میں نازاں تو نہیں فن پر مگر ناصؔر یہ دعویٰ ہے
ثناءِ مصطفیٰ ﷺ کرنے سے فن میلا نہیں ہوتا

احمد

کلام 103

اج سک متراں دی ودھیری اے

(حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ)

ج سک متراں دی ودھیری اے / کیوں دلڑی اداس گھنیری اے
وں لوں وچہ شوق چنگری اے / اج نیناں لایاں کیوں جھڑیاں
کھ چند بدر شعشانی اے / متھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زلف تے اکھ مستانی اے / مخمور اکھیں ہن مدھ بھریاں
اِس صورت نوں میں جان آکھاں / جاناں کہ جانِ جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں / جس شان توں شاناں سب نبیاں
د سے صورت راہ بے صورت دا / توبہ راہ کہ عین حقیقت دا
پر کم نہیں بے سو جھت دا / کوئی ورلیاں موتی لے تریاں
ایہا صورت شالا پیش نظر / رہے وقت نزع تے روزِ حشر
وچہ قبر تے پل تھیں جد ہوسی گزر / سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں
لاہو مکھ توں مخطط بردیمن / من بھانوری جھلک دکھلاؤ سجن
دو جگ رکھیں راہ درفرش کرن / سب انس و ملک حوراں پریاں
سبحان اللہ ما اجملک / ما احسنک ما اکملک
کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء / مشتاق اکھیں کتھے جا اڑیاں

http://nasihatulquran.com

/naatkakhazana /KhazanaNaat /naatkakhazana

جانم فدائے حیدری

جانم فدائے حیدری یا علی (ع) علی (ع) علی (ع)

ہے محمد (ص) میرا دل تو سینا علی (ع)

میرے جینے کا واحد قرینہ علی (ع)

دینِ اسلام کا ہے نگینہ علی (ع)

حق کی منزل کا پہلا ہے زینہ علی (ع)

دشت میں آبرو کا پہلا قطرہ علی (ع)

میرا مرشد بھی آقا بھی مولا علی (ع)

ہر سو صدائے حیدری

یا علی (ع) علی (ع) علی (ع)

https://www.nohalyrics.net

صبح سے شام تک ہر پہر ہر گھڑی

لب پہ اپنے رہے نعرہ حیدری

یعنی خیبر شکن یعنی مشکل کشاء

بعد یزداں کی ہے دوسرا آسرا

میں مصیبت میں اب کیوں پریشاں رہوں

غم کے ماروں کا ہے تو سہارا علی (ع)

رمز بتائے ہاشمی

یا علی (ع) علی (ع) علی (ع)

کلام۔ سلیم عباس

LYRICS
https://www.nohalyrics.net

یارب مدینے پاک میں جانا نصیب ہو
جانا نصیب ہو تو نہ آنا نصیب ہو

رکھ دوں در حضور پے جب میں جبین شوق
چوکھٹ سے ان کے سر نہ اٹھانا نصیب ہو

در در کی ٹھوکریں ہیں جو میرے نصیب میں
عشق نبی میں ٹھوکریں کھانا نصیب ہو

پلکوں سے چومتا پھروں کوے نبی کی خاک
سینے سے جالیوں کو لگانا نصیب ظہو

طیبہ سے آکے بھی رہے طیبہ کی آرزو
تحفہ یہی مدینے سے لینا نصیب کو

حاؔفظ کے دل کی ہے یہی خواہش و التجا
قدموں میں مصطفی کے ٹھکانا نصیب ہو

یادِ مدینہ

مدینے میں جو گزری ہیں وہ راتیں یاد آتی ہیں
مجھے آقاؐ کے روضے کی وہ باتیں یاد آتی ہیں

وہ قصے آقاؐ کے یاروں کے وہ باتیں صحابہ کی
جو پڑھ پڑھ کے میں رویا تھا وہ نعتیں یاد آتی ہیں

وہ عجوہ ہو کہ امبر ہو یا ہو زم زم مدینے میں
جو آقاؐ نے عطا کی تھیں سوغاتیں یاد آتی ہیں

نسیمِ بطحا کہتے ہیں جنہیں شاعر کلاموں میں
وہ ٹھنڈی ٹھنڈی طیبہ کی ہوائیں یاد آتی ہیں

بقائے دین کی خاطر کٹائے جس نے دو بازو
مجھے سرکارِ غازیؑ کی وفائیں یاد آتی ہیں

جو زہراؑ پاک نے کی ہیں عطائیں مجھ پہ اے ساحلؔ
مجھے ہر روز ہر دم وہ عطائیں یاد آتی ہیں



شاعر
محمد آصف امین ساحلؔ

کمپوزنگ
سید عرفان، گیلانی برادرز لیہ

سرورکہوں کہ مالک ومولیٰ کہوں تجھے

Hashim Ali Faridi

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے

حرماں نصیب ہوں تجھے اُمید گہ کہوں
جانِ مراد و کانِ تمنا کہوں تجھے

گلزارِ قدس کا گل رنگیں ادا کہوں
درمانِ دردِ بلبلِ شیدا کہوں تجھے

صبح وطن پہ شامِ غریباں کو دُوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسم منور کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلا کہوں تجھے

بے داغ لالہ یا قمر بے کلف کہوں
بے خار گلبنِ چمن آراء کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیع روزِ جزا کا کہوں تجھے

اس مردہ دل کو مژدہ حیات ابد کا دوں
تاب و توانِ جانِ مسیحا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ انکے ثناء خواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کہ میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رضؔا نے ختم سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

نعت شریف

سارے نبیوں کے عہدے بڑے ہیں
لیکن آقا کا منصب جدا ہے
وہ امام صف انبیاء ہیں
ان کا رتبہ بڑوں سے بڑا ہے
کوئی لفظوں میں کیسے بتا دے
ان کے رتبے کی حد ہے تو کیا ہے
ہم نے اپنے بڑوں سے سنا ہے
صرف اللہ ان سے بڑا ہے
وہ جو اک شہر نور الھدیٰ ہے
جلوہ گاہوں کا اک سلسلہ ہے
جس کی ہر صبح شمس الضحیٰ ہے
جس کی ہر شام بدر الدجےٰ ہے
نام جنت کا تم نے سنا ہے
میں نے اس کا نظارہ کیا ہے
میں یہاں سے تمہیں کیا بتا دوں
ان کی نگری کی گلیوں میں کیا ہے
مستقل ان کی چوکھٹ عطا ہو
میرے معبود یہ التجا ہے
کوئی پوچھے تو یہ کہہ سکوں میں
باب جبریل میرا پتہ ہے

(فصیح الدین سہروردی)

Khushbueraza blogspot. com

مدینے سے بلاوا آرہا ہے
میرا دل مجھ سے پہلے جارہا ہے

شبِ فرقت سے دل گھبرا رہا ہے
مدینہ آپ ﷺ کا یاد آرہا ہے

یہاں مرضی نہیں چلتی کسی کی
مدینے والا ہی بلوا رہا ہے

عجب ہیں سبز گنبد کے نظارے
نگاہوں کو خدا یاد آرہا ہے

نواسوں کا وہ صدقہ بانٹتے ہیں
زمانہ اُن کا صدقہ کھا رہا ہے

میرا دل بھی تو اپنے ساتھ لے جا
اکیلا کیوں مدینے جارہا ہے

بلائیں گے تجھے بھی سرورِ دین
دلِ محمود تو کیوں گھبرا رہا ہے

تحریری کلام خوشبوئے رضا
+917815007742

کرم مانگتا ہوں عطا مانگتا ہوں

کرم مانگتا ہوں عطا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

عطا کر تو شانِ کریمی کا صدقہ
عطا کر دے شانِ رحیمی کا صدقہ
نا مانگوں گا تجھ سے تو مانگوں کا کس سے
تیرا ہوں میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

کرم مانگتا ہوں عطا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

جو مفلس ہیں انکو تو دولت عطا کر
جو بیمار ہیں انکو صحت عطا کر
مریضوں کی خاطر شفا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

کرم مانگتا ہوں عطا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

جو نادار ہیں کچھ نہیں جن کے پلے
انہیں بھی دکھا دے حرم کے تو جلوے
حضوری ہو سب کی دعا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

کرم مانگتا ہوں عطا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

وہ تن کے بڑھکتے شرارے بجھا دے
اسے پھر اخوت کا گلشن بنا دے
میں امن و امان کی ردا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

الٰہی تجھے واسطہ پنجتن کا
ہو شاداب غنچہ دلوں کے چمن کا
میں صدقہ غوث الوریٰ مانگتا ہو
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

کرم مانگتا ہوں عطا مانگتا ہوں
الٰہی میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں

رب مجھ کو بلائیگا میں کعبے کو دیکھوں گا
وہ دن بھی تو آئیگا میں کعبے کو دیکھوں گا

رمضان مبارک میں وہ سامنے کعبے کے
افطار کرائے گا میں کعبے کو دیکھوں گا

مایوس نہیں ہوں میں اللہ کی رحمت سے
وہ حج پہ بلائیگا میں کعبے کو دیکھوں گا

جب پہلی نظر میری اس کعبے پہ جائیگی
دل جھوم سا جائیگا میں کعبے کو دیکھوں گا

ان سانسوں کے رکنے سے اور موت کے آنے سے
وہ پہلے بلائیگا میں کعبے کو دیکھوں گا

میں کعبے کی چادر کو ہاتھوں میں پکڑ لونگا
دل میرا بھر آئیگا میں کعبے کو دیکھوں گا

بے تابیٔ حالِ دل پروانے سے مت پوچھو!
جب لمحہ وہ آئیگا میں کعبے کو دیکھوں گا

نعتیہ کلام 0346-0316455

کوئی دنیائے عطا میں نہیں ہمتا تیرا ہو جو حاتم کو میسر یہ نظارہ تیرا

کہہ اٹھے دیکھ کے بخشش میں یہ رتبہ تیرا

واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

کچھ بشر ہونے کے ناطے تجھے خود سا جانیں

اور کچھ محض پیامی ہی خدا کا جانیں ان کی اوقات ہی کیا ہے کہ اتنا جانیں

فرش والے تری شوکت کا علو کیا جانیں خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

مجھ سے ناچیز پہ ہے تیری عنایت کتنی تو نے ہر گام پہ کی ہے مری حمایت کتنی

کیا بتاؤں تیری رحمت میں ہے وسعت کتنی

ایک میں کیا مرے عصیاں کی حقیقت کتنی مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

قدر عشاق کی کیا ہے یہ میرا حرف غریب

منبر وعظ پہ لڑتے رہے آپس میں خطیب

یہ عقیدہ رہے اللہ کرے مجھ کو نصیب

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

تجھ سے ہر چند وہ فضائل میں رفیع کر نصیر آج مگر فکر رضا کی توسیع

پاس ہے اس کی شفاعت کا وسیلہ بھی وقیع

تیری سرکار میں لاتا ہے رضا اس کو شفیع

جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

KalamsLyrics.com

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

میرا دل بدل دے

میرا غفلت میں ڈوبا دل بدل دے — ہوا و حرص والا دل بدل دے
خدایا فضل فرما دل بدل دے — بدل دے دل کی دنیا دل بدل دے
گناہ گاری میں کب تک عمر کاٹوں — بدل دے میرا رستہ دل بدل دے
سنوں میں نام تیرا دھڑکنوں میں — مزا آجائے مولا دل بدل دے
ہٹا لوں آنکھ اپنی ما سوا سے — جیوں میں تیری خاطر دل بدل دے
کروں قربان اپنی ساری خوشیاں — تو اپنا غم عطا کر دل بدل دے
پڑا ہوں تیرے در پہ دل شکستہ — رہوں کیوں دل شکستہ دل بدل دے
تیرا ہو جاؤں اتنی آرزو ہے — بس اتنی ہے تمنا دل بدل دے
میری فریاد سن لے میرے مولا — بنا لے اپنا بندہ دل بدل دے

http://nasihatulquran.com

Naat ka Khazana

/naatkakhazana /naatkakhazanaa

/KhazanaNaat

کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے

(عبدالستار نیازی)

❤️🙏❤️🙏❤️🙏

کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے
رب محفلاں سجائیاں نے سرکار واسطے

رحمت اوہدی نے لے لیا اپنی پناہ دے وچ
پائے جدوں میں سوہنے دے دو چار واسطے

دل یاد لئی بنایا اے تعریف لئی زباں
اکھیاں بنائیاں سوہنے دے دیدار واسطے

کعبیاں نوں روز ہوندے نیں دیدار آپ دے
کئی ترسدے نیں سوہنے دے دیدار واسطے

صدقہ نبی دی آل بخشے خدا شفا
منگو دعاواں میرے جئے بیمار واسطے

کس واسطے میں غیر نوں دل وچ بٹھالواں
ایہہ دل میرا اے احمد مختار واسطے

گزرے نیازی زندگی عشق نبی دے وچ
نعتاں میں پڑھدا رہواں مٹھل مٹھار واسطے

الٰہی تیری چوکھٹ پر بھکاری بن کے آیا ہوں
سراپا فقر ہوں عجز و ندامت ساتھ لایا ہوں

بھکاری وہ کہ جس کے ہاتھ جھولی ہے نہ پیالہ ہے
بھکاری وہ جسے حرص و ہوس نے مار ڈالا ہے

متاعِ دین و دانش نفس کے ہاتھوں ہی لٹوا کر
سکون قلب کی دولت ہوس کی بھینٹ چڑھا کر

لٹا کر ساری پونجی غفلت و عسیان کی دلدل میں
سہارا لینے آیا ہوں تیرے کعبہ کے آنچل میں

گناہوں کی لپٹ سے کائینات قلب افسردہ
ارادے مُضمحِل ہمّت شکستہ حوصلے مردہ

کہاں سے لاؤں طاقت دل کی سچی ترجمانی کی
کہ کس جھنجھال میں گزری ہیں گھڑیاں زندگانی کی

خلاصہ یہ کہ بس جل بھُن کے اپنی روح سیاہی سے
سراپا فقر بن کر اپنی حالت کی تباہی سے

تیرے دربار میں لایا ہوں اپنی اب زبوں حالی
تیری چوکھٹ کے لائق ہر عمل سے ہاتھ ہیں خالی

یہ تیرا گھر ہے یہ تیرے مہر کا دربار ہے مولیٰ
سراپا نور ہے اک محبتِ انوار ہے مولیٰ

تیری چوکھٹ کے جو آداب ہیں میں ان سے خالی ہوں
نہیں جس کو سلیقہ مانگنے کا وہ سوالی ہوں

زبان غرق ندامت دل کی ناقص ترجمانی پر
خُدایا رحم میری اس زبان بے زبانی پر

یہ آنکھیں خُشک ہیں یارب انہیں رونا نہیں آتا
سُلگتے داغ ہیں دل میں جنہیں دھونا نہیں آتا

محمدؐ اقبال عظیم

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو

(الحاج محمد ظہوری)

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو سب عیدیں مناؤ حضور آ گئے ہیں
اُٹھو غم کے مارو چلو بے سہارو خبر یہ سناؤ حضور آ گئے ہیں

انوکھا نرالہ وہ ذیشان آیا وہ سارے رسولوں کا سلطان آیا
ارے کج کلا ہو! ارے بادشاہو نگاہیں جھکاؤ حضور آ گئے ہیں

ہوا چار سو رحمتوں کا بسیرا اجالا اجالا سویرا سویرا
حلیمہ کو پہنچی خبر آمنہ کی مرے گھر میں آؤ حضور آ گئے ہیں

ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے فضاؤں میں نغمات صلِ علیٰ کے
درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے زباں پر سجاؤ حضور آ گئے ہیں

سماں ہے ثنائے حبیب خدا کا یہ میلاد ہے سرور انبیاء کا
نبی کے گداؤ سب اک دوسرے کو گلے سے لگاؤ حضور آ گئے ہیں

کہاں میں ظہوری کہاں اُن کی باتیں کرم ہی کرم ہیں یہ دن اور راتیں
جہاں پر بھی جاؤ دلوں کو جگاؤ یہی کہتے جاؤ حضور آ گئے ہیں

آئے سرکار مدینہ لائے انوار مدینہ
ہیں قدم بوس رسالت گل و گلزار مدینہ
کندنی رنگ ہے گہرا، ہے لباس آج سنہرا
چاندنی رات نے پہنا
طلع البدر علینا طلع البدر علینا

لوگوں آواز دو سب کو، دیکھ لو قاصد رب کو
روشنی غار حرا کی مل گئی پردۂ شب کو
بارش نجم و قمر ہے، آج سے حکم سحر ہے
رات کو رات نہ کہنا
طلع البدر علینا طلع البدر علینا

ہاشمی و مطلبی ہیں، فخر امی و ابی ہیں
آپ ہی حق کے نبی ہیں،دافع تیرہ شبی ہیں
مژدہ ہونوع بشر کو، اب تمنائے سحر کو
کشتۂ شب نہیں رہنا
طلع البدر علینا طلع البدر علینا

دل نے پائی ہیں مرادیں،انکی راہوں کو سجا دیں
گل بچھائیں ہیں صبا نے، آؤ ہم آنکھیں بچھا دیں
چاند ابھرا ہے لیے اج، من ثنیات الوداع آج
وجبت شکر علینا
طلع البدر علینا طلع البدر علینا

میں لجپالاں دے لڑ لگیاں میرے تو غم پرے رہندے
میری آساں اُمیداں دے سدا بوٹے ہَرے رہندے

دعاء منگیا کرو سنگیوں کِتے مُرشِد نہ رُس جاوے
جِناں دے پیر رُس جاندے او جیُوندے وی مَرے رہندے

خیالِ یار وچ میں مست رہندا ہاں دِنے راتی
میرے دل وچ سجن وسدا میرے دیدے ٹھرے رہندے

کدی وی لوڑ نئیں پیندی مینوں در در تے جاون دی
میں لجپالاں دا منگتا ہاں میرے پلّے بھرے رہندے

٭نیازی٭ مینوں ڈر کاہدا میری نسبت ہے لاثانی
کسے دے رین جو بن کے قسم رب دی کھرے رہندے

میں لجپالاں دے لڑ لگیاں میرے تو غم پرے رہندے
میری آساں اُمیداں دے سدا بوٹے ہَرے رہندے

نعت نبیؐ

بگڑی بھی بنائیں گے جلوے بھی دیکھائیں گے   گھبراؤ نہ دیوانوں سرکار بُلائیں گے

ہم مسجد نبوی کے دیکھیں گے میناروں کو   اور گنبدِ خضرا کے پُر نور نظاروں کو

ہم جا کے مدینہ پھر واپس نہیں آئیں گے

مل جائیں گی تعبیریں اِک روز تو خوابوں کی   گر جائیں گی دیواریں سب دیکھنا راہوں کی

ہم روضہ اقدس پر جب آنسو بہائیں گے

دل عشقِ نبیؐ میں تم کچھ اور تڑپنے دو   اس دید کی آتش کو کچھ اور بھڑکنے دو

ہم تشنہ دلی چل کر زم زم سے بجھائیں گے

جب حشر کے میداں میں اک حشر بپا ہوگا   جب فیصلہ اُمت کا کرنے کو خُدا ہوگا

اُمت کو شہِ بطحا کملی میں چھپائیں گے

لِللہ محمدؐ سے رُداد میری کہنا   یہ پُوچھ کے آقا سے اے حاجیو تم آنا

عشرت کو در اقدس کب آپ بُلائیں گے

Print

maslamch56@yahoo.dk

گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا

گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا
مجھے نیک انسان بنا میرے مولا

میری سابقہ ہر خطاء میرے مولا
تو رحمت سے اپنی مٹا میرے مولا

تو قدرت سے اپنی بدل نیکیوں سے
ہر اک میری لغزش خطاء میرے مولا

مجھے استقامت تو ایماں پہ دے دے
بخیر ہو خاتمہ میرے مولا

ہو قدموں میں سرکار کے جب میرا سر
تو ایماں پہ اُس دم اُٹھا میرے مولا

تجھے تو خبر ہے میں کتنا بُرا ہوں
تو عیبوں کو میرے چھپا میرے مولا

تو لے گا اگر عدل سے کام اپنے
میں ہوں مستحق نار کا میرے مولا

تجھے واسطہ اپنی رحمت کا یا رب
جہنم سے مجھ کو بچا میرے مولا

جو رحمت تیری شامل حال ہو تو
ٹھکانہ ہے جنت مرا میرے مولا

تو مسجود میرا میں ساجد ہوں تیرا
تو مالک میں بندہ ترا میرے مولا

تو مطلوب میرا میں طالب ہوں تیرا
مجھے دید دے اپنی میرے مولا

ہے فرمان قرآن میں تیرا
تو سن لے میری التجا میرے مولا

نہ محتاج کر تو جہاں میں کسی کا
مجھے مفلسی سے بچا میرے مولا

مجھے بھی دکھا دے تو جلوہ نبی ﷺ کا
یہی ہے میری التجا میرے مولا

جنہوں نے کہا ہے دعاؤں کا مجھ سے
تو کردے سبھی کا بھلا میرے مولا

ہے کعبے پہ نظریں عبید رضا کی
ہو مقبول ہر اک دعا میرے مولا

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com

نعت
یارسول اللہ تیرے در کی فضاؤں کو سلام
گنبدِ خضرا کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام
جو مدینے کے گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
ان فقیروں راہ گیروں اور گداؤں کو سلام
مسجدِ نبوی کے صبح اور شاموں کو سلام
یا نبی تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

نعت مصطفیٰ

یارب میری سوئی ہوئی تقدیر جگا دے
آنکھیں مجھے دی ہیں تو مدینہ بھی دکھا دے

RIFAI NETWORK

سننے کی جو قوت مجھے بخشی ہے خداوند
پھر مسجدِ نبوی کی اذانیں بھی سنا دے

حوروں کی نہ غلماں کی نہ جنت کی طلب ہے
مدفن مرا سرکار کی بستی میں بنا دے

منہ حشر میں مجھ کو نہ چھپانا پڑے یا رب
مجھ کو تیرے محبوب کی کملی میں چھپا دے

RIFAI NETWORK OFFICIAL
WHATSAPP NUMBER +919113259405

مدُت سے میں ان ہاتھوں سے کرتا ہوں دعائیں
انِ ہاتھوں میں اب جالی سنہری وہ تھما دے

RIFAI NETWORK

عشرت کو بھی اب خوشبوئے حسان عطا کر
جو لفظ کہے وہ اسے تو نعت بنا دے

نعت شریف

در نبی ﷺ پر پڑا رہوں گا پڑے ہی رہنے سے کام ہوگا.

کبھی تو قسمت کھلے گی میری کبھی تو میرا سلام ہوگا.

خلاف معشوق کچھ ہوا ہے نہ کوئی عاشق سے کام ہوگا.

خدا بھی ہوگا ادھر بھی اے دل جدھر وہ عالی مقام ہوگا.

کیے ہی جاؤں گا عرض مطلب ملے گا جب تک نہ دل کا مطلب

نہ شام مطلب کی صبح ہوگی نہ یہ فسانہ تمام ہوگا.

جو دل سے ہے مائل پیمبر یہ اس کی پہچان ہے مقرر

کہ ہر دم اس بے نوا کے لب پر درود ہوگا سلام ہوگا.

اسی توقع پہ جی رہا ہوں یہی تمنا جلا رہی ہے

نگاہ لطف و کرم نہ ہوگی تو مجھ کو جینا حرام ہوگا.

حضور ﷺ میری تو ساری بہار آپ ﷺ سے ہے

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

میں لجپالاں دے لڑ لگی ہاں میرے تو غم پرے رہندے
میری آساں امیداں دے سدا بوٹے ہرے رہندے

خیالِ یار وِچ میں مست رہندا ہاں دِن راتی
میرے دل وِچ سجن وسدا میرے دیدے ٹھرے رہندے

کدی وِی لوڑ نئیں پیندی مینوں در در تے جاون دی
میں لجپالاں دا منگتا ہاں میرے پلے بھرے رہندے

دعا منگیا کرو سنگیو کتھے مُرشِد نہ رُس جاوے
جنہاں دے پیر رُس جاندے اُو جیوندے وِی مرے رہندے

کدی وِی ڈُب نئیں سکدے اُوہ چڑھدے پانیاں اندر
جو ٹھلدے آسرے تیرے اُوہو بیڑے ترے رہندے

نیازیؔ مینوں غم کاہدا میری نسبت ہے لاثانی
کسے دے رہن جو بن کے قسم رب دے کھرے رہندے

احمد

کلام 168

حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے
سلام کے لیے حاضر غلام ہو جائے

میں صرف دیکھ لوں اک بار صبح طیبہ کو
بلا سے پھر مری دنیا میں شام ہو جائے

تجلیات سے بھر لوں میں کاسۂ دل و جاں
کبھی جو اُن کی گلی میں قیام ہو جائے

حضور آپ جو سن لیں تو بات بن جائے
حضور آپ جو کہہ دیں تو کام ہو جائے

حضور آپ جو چاہیں تو کچھ نہیں مشکل
سمٹ کے فاصلہ یہ چند گام ہو جائے

ملے مجھے بھی زبان بوصیری و جامی
مرا کلام بھی مقبول عام ہو جائے

مزا تو جب ہے فرشتے یہ قبر میں کہہ دیں
صبیحؔ ! مدحتِ خیر الانام ہو جائے

حضور ﷺ میری تو ساری بہار آپ ﷺ سے ہی

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

میں لجپالاں دے لڑ لگی ہاں میرے تو غم پرے رہندے
میری آساں امیداں دے سدا بوٹے ہرے رہندے

خیالِ یار وِچ میں مست رہندا ہاں دِن راتی
میرے دل وِچ سجن وسدا میرے دیدے ٹھرے رہندے

کدی وِی لوڑ نئیں پیندی مینوں در در تے جاون دی
میں لجپالاں دا منگتا ہاں میرے پلے بھرے رہندے

دعا منگیا کرو سنگیو کتھے مُرشِد نہ رُس جاوے
جنہاں دے پیر رُس جاندے اُو جیوندے وِی مرے رہندے

کدی وِی ڈُب نئیں سکدے اُوہ چڑھدے پانیاں اندر
جو ٹھلدے آسرے تیرے اُوہو بیڑے ترے رہندے

نیازیؔ مینوں غم کاہدا میری نسبت ہے لاثانی
کسے دے رہن جو بن کے قسم رب دے کھرے رہندے

احمد

کلام 168

حضور ﷺ میری تو ساری بہار آپ ﷺ سے ہے

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

درِ نبی ﷺ پر یہ عمر بیتے ہو ہم پہ لطفِ دوام ایسا
مدینے والے کہیں مقامی ہو اُن کے در پر قیام ایسا

یہ رفعتِ ذکرِ مصطفیٰ ﷺ ہے نہیں کسی کا مقام ایسا
جو بعد ذکرِ خدا ہے افضل ہے ذکرِ خیرالانام ایسا

جو غمزدوں کو گلے لگا لے بروں کو دامن میں جو چھپا لے
ہے دوسرا کون اِس جہاں میں سوائے خیرالانام ایسا

بلال تجھ پر نثار جاؤں کے خود نبی ﷺ نے تجھے خریدا
نصیب ہو تو نصیب ایسا غلام ہو تو غلام ایسا

نمازِ اقصیٰ میں جب پڑھائی تو انبیاء اور رُسُل یہ بولے
نماز ہو تو نماز ایسی امام ہو تو امام ایسا

میں خالد اپنے نبی ﷺ پہ قرباں ہے جن کا خُلقِ عظیم قرآں
ہے روشنی جس کی دوجہاں میں کہیں ہے ماہِ تمام ایسا

کلام 61

ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر

ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر
جس نے لا کر کلام الہی دیا
پھول کھلتے ہیں پڑھ پڑھ کے صلی اللہ
ایسی خوشبو چمن کے گلوں میں کہاں
ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر
جس نے لا کر کلام الہی دیا
ہم نے مانا کہ جنت بہت ہے حسین
یوں تو جنت میں سب ہے مدینہ نہیں
ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر
جس نے لا کر کلام الہی دیا
چھوڑنا تیرا طیبہ گوارہ نہیں
ایسا منظر زمانے میں دیکھا نہیں
ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر
جس نے لا کر کلام الہی دیا
وہ ابوبکر فاروق عثمان علی
وہ فقیہوں کے افسر شاہ انبیاء
ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر
جس نے لا کر کلام الہی دیا
بے سہاروں کو سینے سے لپٹا لیا
وہ فقیہوں کے افسر شاہ انبیاء
ہم نے آنکھوں سے دیکھا نہیں ہے مگر
جس نے لا کر کلام الہی دیا

ان کی تصویر سینے میں موجود ہے
وہ محمدؐ مدینہ میں موجود ہے
جھوم کر کہہ رہی ہے یہ باد صباء
جو نبیؐ کے پسینے میں موجود ہے
ان کی تصویر سینے میں موجود ہے
وہ محمدؐ مدینہ میں موجود ہے
چھوڑ کر ہم مدینہ نا جائیں کہیں
اور جنت مدینہ میں موجود ہے
ان کی تصویر سینے میں موجود ہے
وہ محمدؐ مدینہ میں موجود ہے
سارے عالم میں ایسا نظارہ نہیں
جیسا منظر مدینہ میں موجود ہے
ان کی تصویر سینے میں موجود ہے
وہ محمدؐ مدینہ میں موجود ہے
ہیں یہ سب ان کے دین مبیح کے قمقع
وہ شہنشاہ مدینہ میں موجود ہے
ان کی تصویر سینے میں موجود ہے
وہ محمدؐ مدینہ میں موجود ہے
جس نے جو مانگا اس کو عطا کر دیا
وہ شہنشاہ مدینہ میں موجود ہے
ان کی تصویر سینے میں موجود ہے
وہ محمدؐ مدینہ میں موجود ہے

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

نہ ایسی زلفیں نہ ایسا چہرہ نہ یوں کسی پہ شباب ہوگا
جواب ہوں گے سبھی کے لیکن نہ مصطفیٰ ﷺ کا جواب ہوگا

جو چہرہ نکلے تو صبح ہوگی جو زلف بکھرے تو رات ہوگی
پسینہ اُن کا گرے کا جس پر وہی تو زرہ گلاب ہوگا

بروزِ محشر حسین سارے اکھٹے ہوں گے مقابلے کو
یقین مانو کہ سب سے پہلے بلال رضی اللہ عنہ کا انتخاب ہوگا

کتنے لاشے پڑے ہیں کربل حُسین رضی اللہ عنہ کا سر کہاں ہے بولو
جواب آیا کہیں وہ نیزے پہ پڑھتا اُمُ الکتاب ہوگا

زیرِ مدفن فرشتے بولے سناؤ آقا ﷺ کی نعت حاکم
تمھیں سنا کر ثواب ہوگا تو ہم کو سُن کر ثواب ہوگا

مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

جس سُہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دلِ افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

کھائی قرآں نے خاکِ گزر کی قسم
اُس کفِ پا کی حُرمت پہ لاکھوں سلام

اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن
اُس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

وہ دہن جس کی ہر بات وحیِ خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

وہ زباں جس کو سب کُن کی کُنجی کہیں
اُس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

جن کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اُس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس کے گھیرے میں ہیں انبیاء و ملک
اُس جہانگیر بعثت پہ لاکھوں سلام

جس کے آگے کھچی گردنیں جھک گئیں
اُس خداداد شوکت پہ لاکھوں سلام

اُن کے مولا کے اُن پر کروڑوں درود
اُن کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

شہر یار ارم تاجدار حرم
نو بہار شفاعت پہ لاکھوں سلام

ہم غریبوں کے آقا پے بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کان لعل کرامت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام

پتلی پتلی گل قدس کی پتیاں
ان لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

ایک میرا ہی رحمت میں دعویٰ نہیں
شاہ کی ساری امت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

لجپال نبی میرے درداں دی دوا دینا

جد وقت نزع آوے دامن دی ہوا دینا

میں نعت تیری پڑھدا ایں ذکر تیرا کرنا

اس ذکر دی برکت نال میری قبر وسا دینا

دل روندا اے جاندے نے جدوں لوکی مدینے نوں

ہن سانوں وی یا آقا دربار وکھا دینا

آقا تیری محفل وچ جھولیاں وچھا بیٹھے

لج رکھ لئی اے لجپالاں خالی نہ اٹھا دینا

سائل دی تمنا اے رہوے آ کے مدینے وچ

عاصی دی تمنا اے رہوے آ کے مدینے وچ

بھاوے طیبہ دے کتیاں دے پیراں چ بیٹھا دینا

http://nasihatulquran.com

Naat ka Khazana

/naatkakhazana /naatkakhazanaa

/KhazanaNaat

میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں غلام ابنِ غلام ہوں
مجھے عشق ہے تو خدا سے ہے مجھے عشق ہے تو رسول سے
یہ کرم ہے سارا بتول کا میرے منہ سے آئے مہک سدا
جو میں نام لوں تیرا جھوم کے میں تو پنجتن کا غلام ہوں

مجھے عشق سرو و سمن سے ہے مجھے عشق سارے چمن سے ہے
مجھے عشق ان کی گلی سے ہے مجھے عشق ان کے وطن سے ہے
مجھے عشق ہے تو علی سے ہے مجھے عشق ہے تو حسن سے ہے
مجھے عشق ہے تو حسین سے مجھے عشق شاہِ زمن سے ہے
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں غلام ابنِ غلام ہوں

ہوا کیسے تن سے وہ سر جدا جہاں عشق ہو وہیں کربلا
میری بات انہی کی بات ہے میرے سامنے وہی ذات ہے
وہی جن کو شیرِ خدا کہیں جنہیں بابِ صلِّ علیٰ کہیں
وہی جن کو آلِ نبی کہیں وہی جن کو ذاتِ علی کہیں
وہی پختہ ہیں میں تو خام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

میرا شعر کیا میرا ذکر کیا میری بات کیا میری فکر کیا
میری بات اُنکے سبب سے ہے میرا شعر اُنکے ادب سے ہے
میرا ذکر ان کے طفیل سے میری فکر ان کے طفیل سے
کہاں مجھ میں اتنی سکت بھلا کہ ہو منقبت کا بھی حق ادا
میں مریدِ خیر الانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

میں قمؔر ہوں شاعرِ بے نوا میری حیثیت ہی بھلا ہے کیا
وہ ہیں بادشاہوں کے بادشاہ میں ہوں اُنکے در کا بس اک گدا
میرا پنجتن سے ہے واسطہ میرا نسبتوں کا ہے سلسلہ
میں فقیرِ خیرالانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

Khushbueraza.blogspot.com

نعت شریف

درِ نبی ﷺ پر پڑا رہوں گا پڑے ہی رہنے سے کام ہوگا.

کبھی تو قسمت کھلے گی میری کبھی تو میرا سلام ہوگا.

خلاف معشوق کچھ ہوا ہے نہ کوئی عاشق سے کام ہوگا.

خدا بھی ہوگا ادھر بھی اے دل جدھر وہ عالی مقام ہوگا.

کٹے ہی جاوں گا ارض مطلب ملے گا جب تک نہ دل کا مطلب

نہ شام مطلب کی صبح ہوگی نہ یہ فسانہ تمام ہوگا.

جو دل سے ہے مائل پیمبر یہ اس کی پہچان ہے مقرر

کہ ہر دم اس بے نوا کے لب پر درود ہوگا سلام ہوگا.

اسی توقع پہ جی رہا ہوں یہی تمنا جلا رہی ہے

نگاہ لطف و کرم نہ ہوگی تو مجھ کو جینا حرام ہوگا.

نعتِ رسول ﷺ

بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ والہ

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہیں اس کو نواز دیں یہ درِ حبیب کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ خدا نہیں بخدا نہیں مگر وہ خدا سے جدا نہیں
وہ ہیں کیا مگر وہ کیا نہیں یہ مُحب حبیب کی بات ہے

ترے حُسن سے تری شان تک ہے نگاہ و عقل کا فاصلہ
یہ ذرا بعید کا ذکر ہے وہ ذرا قریب کی بات ہے

وہ محِل کے راہ میں رہ گئی یہ تڑپ کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی آہ تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر اُن سے ہے میرا واسطہ
میری لاج رکھنا میرے خدا یہ تیرے حبیب کی بات ہے

تجھے اے منور بے نوا در شاہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے

میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں غلام ابنِ غلام ہوں
مجھے عشق ہے تو خدا سے ہے مجھے عشق ہے تو رسول سے
یہ کرم ہے سارا بتول کا میرے منہ سے آئے مہک سدا
جو میں نام لوں تیرا جھوم کے میں تو پنجتن کا غلام ہوں

مجھے عشق سرو و سمن سے ہے مجھے عشق سارے چمن سے ہے
مجھے عشق ان کی گلی سے ہے مجھے عشق ان کے وطن سے ہے
مجھے عشق ہے تو علی سے ہے مجھے عشق ہے تو حسن سے ہے
مجھے عشق ہے تو حسین سے مجھے عشق شاہِ زمن سے ہے
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں غلام ابنِ غلام ہوں

ہوا کیسے تن سے وہ سر جدا جہاں عشق ہو وہیں کربلا
میری بات انہی کی بات ہے میرے سامنے وہی ذات ہے
وہی جن کو شیرِ خدا کہیں جنہیں بابِ صلِّ علیٰ کہیں
وہی جن کو آلِ نبی کہیں وہی جن کو ذاتِ علی کہیں
وہی پنجتن ہیں میں تو خام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

میرا شعر کیا میرا ذکر کیا میری بات کیا میری فکر کیا
میری بات اُنکے سبب سے ہے میرا شعر اُنکے ادب سے ہے
میرا ذکر ان کے طفیل سے میری فکر ان کے طفیل سے
کہاں مجھ میں اتنی سکت بھلا کہ ہو منقبت کا بھی حق ادا
میں مریدِ خیر الانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

میں قمرؔ ہوں شاعرِ بے نوا میری حیثیت ہی بھلا ہے کیا
وہ ہیں بادشاہوں کے بادشاہ میں ہوں اُنکے در کا بس اک گدا
میرا پنجتن سے ہے واسطہ میرا نسبتوں کا ہے سلسلہ
میں فقیرِ خیرالانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

Khushbueraza.blogspot.com

Mohamed Nabina
Hamada Helal

محمد نبينا بنوره هادينا
من مكة حبيبي نوره سطع عالمدينة
من صلى صلاته واتحلى بصفاته
يا بخت اللي في ضله ماشي يشفعله في مماته
محمد نبينا بنوره هادينا
من مكة حبيبي نوره سطع عالمدينة
من صلى صلاته واتحلى بصفاته
يا بخت اللي في ضله ماشي يشفعله في مماته
يا إمامنا يا أمين، يا سند للمسلمين
يا حبيبي، يا محمد، يا إبن عبد الله
تمت الرسالات تمام، والحبيب مسك الختام
طول حياتي وفي صلاتي بدعى أصلي وراه
محمد نبينا بنوره هادينا
من مكة حبيبي نوره سطع عالمدينة
من صلى صلاته واتحلى بصفاته
يا بخت اللي في ضله ماشي يشفعله في مماته

0:34 4:33

اج سک متراں دی ودھیری اے

(حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ)

اج سک متراں دی ودھیری اے — کیوں دلڑی اداس گھنیری اے
وں لوں وچہ شوق چنگری اے — اج نیناں لایاں کیوں جھڑیاں
کھ چند بدر شعشانی اے — متھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زلف تے اکھ مستانی اے — مخمور اکھیں ہن مدھ بھریاں
اِس صورت نوں میں جان آکھاں — جاناں کہ جانِ جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں — جس شان توں شاناں سب نبیاں
د سے صورت راہ بے صورت دا — توبہ راہ کہ عین حقیقت دا
پر کم نہیں بے سو جھت دا — کوئی ورلیاں موتی لے تریاں
ایہا صورت شالا پیش نظر — رہے وقت نزع تے روزِ حشر
وچہ قبر تے پل تھیں جد ہوسی گزر — سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں
لاہو مکھ توں مخطط بردیمن — من بھانوری جھلک دکھلاؤ سجن
دو جگ رکھیں راہ درفرش کرن — سب انس و ملک حوراں پریاں
سبحان اللہ ما اجملک — ما احسنک ما اکملک
کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء — مشتاق اکھیں کتھے جا اڑیاں

http://nasihatulquran.com

Naat ka Khazana

/naatkakhazana /KhazanaNaat /naatkakhazana

نعت رسول پاک ﷺ

یہ کہتی تھی گھر گھر میں جا کر حلیمہ میرے گھر میں خیر الوریٰ آ گئے ہیں
بڑے اوج پر ہے میرا اب مقدر میرے گھر حبیب خدا آ گئے ہیں

اٹھی چار سو رحمتوں کی گھٹائیں معطر معطر ہیں ساری فضائیں
خوشی میں یہ جبرئیل نغمے سنائے وہ شافعِ روزِ جزا آ گئے ہیں

ہے سن کر سخی آپ کا آستانہ ہے دامن پسارے ہوئے سب زمانہ
نواسوں کا صدقہ نگاہِ کرم ہو تیرے در پہ تیرے گدا آ گئے ہیں

خدا کے کرم سے نکیرین آ کر کہیں گے زیارت کا مژدہ سنا کر
اٹھو بہرِ تعظیم نورالحسن اب لحد میں رسول خدا آ گئے ہیں

Design By: Qais Raza
Nepali

نعت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تاجدار حرم ہو نگاہ کرم ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے
ہادئی بیکساں کیا کہے گا جہاں آپ کے در سے خالی اگر جائیں گے

خوف طوفان ہے بجلیوں کا ہے ڈر سخت مشکل ہے آقا کہاں جائیں ہم
آپ بھی گر نہ لیں گے ہماری خبر ہم مصیبت کے مارے کدھر جائیں گے

در پہ ساقی کوثر کے پینے چلیں میکشو آؤ آؤ مدینے چلیں
یاد رکھو اگر اٹھ گئی وہ نظر جتنے خالی ہیں سب جام بھر جائیں گے

کوئی اپنا نہیں غم کے مارے ہیں ہم آپ کے در پہ فریاد لائے ہیں ہم
ہو نگاہ کرم ورنہ چوکھٹ پہ ہم آپ کا نام لے لے کے مر جائیں گے

آپ کے در سے کوئی نہ خالی گیا اپنے دامن کو بھر کر سوالی گیا
ہو پیام حزیں پر بھی آقا کرم ورنہ اوراقِ ہستی بکھر جائیں گے

اچیاں اچیاں شاناں میرے سوہنے دیاں

رب آپ بنایا اے غمخوار بڑا سوہنا
نالے خود فرمایا اے میرا یار بڑا سوہنا

دن سارے ہی سوہنے نیں جیہڑے رب نے بنائے نیں
جیہڑے وار نبی آیا او وار بڑا سوہنا

دشمن نوں دعا دیوے ، دگیاں نوں اٹھا دیوے
اسلام دے والی دا ، کردار بڑا سوہنا

سرکار دے موڈے تے ، شبیر پیا کھیڈے
او سواری بڑی سوہنی ، او سوار بڑا سوہنا

ہر وار مزہ وکھرا ، روضے دی زیارت دا
سوہنے دا بلاوا اے ، ہر وار بڑا سوہنا

RIFAI NETWORK OFFICIAL
WHATSAPP NUMBER +919113259405

دنیا دے شہراں دے ، بڑے سوہنے نظارے نے
ہر سوہنے تو سوہنے دا گھر بار بڑا سوہنا

سوہنے دیاں نعتاں نے سوہنے دیاں باتاں نے
ملیا اے ظہوری نوں اظہار بڑا سوہنا

شاعر
محمد ظہور علی قصوری

مذید نعت و منقبت کی لیرکس کے لئے رفاعی نیٹورک آفیشل کو ابھی فالو کریں

مہکتی ہیں وہ گلیاں جن سے آقا آپ ہیں گزرے
مجھے بھی ان گلی کوچوں میں رہنے کی جگہ دیجئے

لڑی سانسوں کی یہ آقا نا جانے کب بکھر جائے
بلا لیجئے مدینے اور قدموں میں بسا لیجئے

دکھوں نے گھیر رکھا ہے غموں کی دھوپ ہے سر پر
ٹھکانہ گنبدِ خضریٰ کے سائے میں عطاء کیجئے

مواجہ سامنے ہو جس گھڑی یہ دم نکل جائے
بقیعِ پاک ہی آقا میرا مدفن بنا دیجئے

عقیدت سے بنا نعلین جس در سیدہ آئیں
مجھے بھی سید الشہداء کی وہ چوکھٹ دکھا دیجئے

کبھی میں جالیاں تھاموں بسا کر پنجتن دل میں
علی و فاطمہ، حسنین کا صدقہ عطاء کیجئے

ستاروں، کہکشاؤں سے مدینے کی غبار اچھی
میسر ہو اگر کاتب تو آنکھوں سے لگا لیجئے

Mishii

نعت رسول ﷺ

نعت سرکار ﷺ کی پڑھتا ہوں میں
بس اسی بات سے گھر میں میرے رحمت ہو گی

اک تیرا ﷺ نام وسیلہ ہے میرا
رنج و غم میں بھی اسی نام سے راحت ہو گی

یہ سنا ہے کہ بہت قبر اندھیری ہو گی
قبر کا خوف نہ رکھنا اے دل
وہاں سرکار ﷺ کے چہرے کی زیارت ہو گی

کبھی یٰسین کبھی طٰہٰ کبھی وَالّیل آیا
جس کی قسمیں میرا رب فرمائے
کتنی دلکش میرے محبوبؐ کی صورت ہو گی

ان کو مختار بنایا میرے اللہ نے
خلد میں بس وہی جا سکتا ہے
جس کو حسنین کے بابا کی اجازت ہو گی

حشر کا دن بھی عجب دیکھنے والا ہو گا
زلف لہراتے وہ جب آئیں گے
پھر قیامت پے بھی خود ایک قیامت ہو گی

میرا دامن تو گناہوں سے بھرا ہے الطاف
اک سہارا ہے کہ میں تیرا ہوں
اسی نسبت سے سر حشر شفاعت ہو گی


اے عشقِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے دل میں بھی سما جانا
مجھ کو میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیوانہ بنا جانا
وہ رنگ، کہ جامی پر رُومی پہ، چڑھایا تھا
اُس رنگ کی کچھ رنگت مجھ پہ بھی چڑھا جانا
دیدارِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حسرت تو رہے باقی
جُز اس کے ہر اِک حسرت اِس دل سے مِٹا جانا
جس خواب میں ہو جائے دیدارِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاصل
اے عشق کبھی مجھ کو نیند ایسی سُلا جانا
اے کاش ریاض آئے پیغام مدینے سے
سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بُلاتے ہیں تم نعت سُنا جانا

اے شہنشاہِ مدینہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

اے شہنشاہِ مدینہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام
زینتِ عرشِ مُعلّٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

رَبِّ ھَبْ لِیْ اُمَّتِیْ کہتے ہوئے پیدا ہوئے
حق نے فرمایا کہ بخشا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

دست بستہ سب فرشتے پڑھتے ہیں ان پر دُرود
کیوں نہ ہو پھر وِرد اپنا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

مومنو پڑھتے نہیں کیوں اپنے آقا پر دُرود
ہے فرشتوں کا وظیفہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

بت شکن آیا یہ کہہ کر سر کے بل بت گر گئے
جھوم کر کہتا تھا کعبہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

سر جھکا کر باادب عشقِ رَسُوْلُ اللہ میں
کہہ رہا تھا ہر ستارہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

غنچے چٹکے پھول مہکے چہچہائیں بلبلیں
گل کھلا باغِ اَحد کا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

میں وہ سنی ہوں جمیلؔ قادری مرنے کے بعد
میرا لاشہ بھی کہے گا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام

وہ شہر محبت جہاں مصطفیٰ ہیں وہیں گھر بنانے کو دل چاہتا ہے
وہ سونے سے کنکر وہ چاندی سی مٹی نظر میں بسانے کو دل چاہتا ہے

جہاد محبت کی آواز گونجی کہا حنظلہ نے یہ دلہن سے اپنی
اجازت اگر دو تو جام شہادت لبوں سے لگانے کو دل چاہتا ہے

جو پوچھا نبی نے کے گھر کچھ ہے چھوڑا تو صدیق اکبر کے ہونٹوں پہ آیا
وہاں مال و دولت کی کیا ہے حقیقت جہاں دل لٹانے کو دل چاہتا ہے

وہ ننھا سا اصغر وہ ایڑی رگڑ کر یہی کہہ رہا تھا وہ خیمے کے اندر
اے بابا میں پانی کا پیاسا نہیں ہوں میرا سر کٹانے کو دل چاہتا ہے

ستاروں سے یہ چاند کہتا ہے ہر دم تمہیں کیا بتاؤں وہ ٹکڑے کا عالم
اشارے میں آقا کے اتنا مزا تھا کہ پھر ٹوٹ جانے کو دل چاہتا ہے

جو دیکھا ہے روئے جمالِ رسالت تو طاہر عمر مصطفیٰ سے یہ بولے
بڑی آپ سے دشمنی تھی مگر اب غلامی میں آنے کو دل چاہتا ہے

PRINT.S.A.R.+918979888861

کعبے کی رونق کعبے کا منظر، اللہ اکبر اللہ اکبر
دیکھوں تو دیکھے جاؤں برابر، اللہ اکبر اللہ اکبر

حمد خدا سے تر ہیں زبانیں، کانوں میں رس گھولتی ہیں اذانیں
بس اک صدا آ رہی ہے برابر، اللہ اکبر اللہ اکبر

تیرے حرم کی کیا بات مولا، تیرے کرم کی کیا بات مولا
تا عمر لکھ دے آنا مقدر، اللہ اکبر اللہ اکبر

مانگی ہیں میں نے جتنی دعائیں، منظور ہوں گی مقبول ہوں گی
میزاب رحمت ہے میرے سر پر، اللہ اکبر اللہ اکبر

حیرت سے خود کو کبھی دیکھتا ہوں، اور دیکھتا ہوں کبھی میں حرم کو
کہ لایا کہاں مجھ کو میرا مقدر، اللہ اکبر اللہ اکبر

یاد آ گئی جب اپنی خطائیں، اشکوں میں ڈھلنے لگی التجائیں
رویا غلاف کعبہ پکڑ کر، اللہ اکبر اللہ اکبر

بھیجا ہے جنت سے تجھ کو خدا نے، چوما ہے تجھ کو میرے خدا نے
اے سنگ اسود تیرا مقدر، اللہ اکبر اللہ اکبر

دیکھا صفا اور مروہ بھی دیکھا، رب کے کرم کا جلوہ بھی دیکھا
دیکھا وہاں ایک سروں کا سمندر، اللہ اکبر اللہ اکبر

مولا صبیح اور کیا چاہتا ہے، بس مغفرت کی عطا چاہتا ہے
بخشش کے طالب پہ اپنا کرم کر، اللہ اکبر اللہ اکبر

کعبے کی رونق کعبے کا منظر، اللہ اکبر اللہ اکبر
دیکھوں تو دیکھے جاؤں برابر، اللہ اکبر اللہ اکبر

از فرمائش: محترم محمد ارشاد احمد قادری صاحب (ایڈمن ذوقِ نعت آفیشل)

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے

Hashim Ali Faridi

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے

حرماں نصیب ہوں تجھے اُمید گہ کہوں
جانِ مراد و کانِ تمنا کہوں تجھے

گلزارِ قدس کا گل رنگیں ادا کہوں
درمانِ دردِ بلبلِ شیدا کہوں تجھے

صبح وطن پہ شامِ غریباں کو دُوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسم منور کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلا کہوں تجھے

بے داغ لالہ یا قمر بے کلف کہوں
بے خار گلبنِ چمن آراء کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیع روزِ جزا کا کہوں تجھے

اس مردہ دل کو مژدہ حیات ابد کا دوں
تاب و توانِ جانِ مسیحا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ انکے ثناء خواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کہ میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رضؔا نے ختم سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا
جب وقت نزا آئے دیدار عطاء کرنا

اے نور خدا آ کر آنکھوں میں سما جانا
یا در پہ بلا لینا یا خواب میں آ جانا

اے پردہ نشین دل کے پردوں میں رہا کرنا
جب وقت نزا آئے دیدار عطاء کرنا

میں قبر اندھیری میں گھبراؤں گا جب تنہا
امداد کو میری تم آ جانا ذرا شاہا

روشن میری تربد کو اے نورخدا کرنا
جب وقت نزا آئے دیدار عطاء کرنا

مجرم ہوں جہاں بھر کا محشر میں بھرم رکھنا
رسواء زمانہ ہوں دوزخ سے بچا لینا

منظور دعا میری اے حبیب خدا کرنا
جب وقت نزا اٰئے دیدار عطاء کرنا

چہرے سے ضیاء پائی سب چاند ستاروں نے
اس در سے شفاء پائی دکھ درد کے ماروں نے

آتا ہے انہیں صابر ہر دکھ کی دوا کرنا
جب وقت نزا آئے دیدار عطاء کرنا

یا محمد نور مجسم یا حبیبی یا مولائی

(سید حسین ادیب رائے پوری)

یا محمد نور مجسم یا حبیبی یا مولائی
تصویر کمال محبت تنویر جمال خدائی

تیرا وصف بیاں ہو کس سے تیری کون کرے گا بڑائی
اس گرد سفر میں گم ہے جبریل امیں کی رسائی

تیری ایک نظر کے طالب تیرے ایک سخن پہ قرباں
یہ سب تیرے دیوانے یہ سب تیرے شیدائی

یہ رنگ بہار گلشن یہ گل اور گل کا جوبن
تیرے نور قدم کا دھوون اس دھوون کی رعنائی

ما اجملک تیری صورت ما احسنک تیری سیرت
ما اکملک تیری عظمت تیری ذات میں گم ہے خدائی

اے مظہر شان جمالی اے خواجہ بندہ عالی
مجھے حشر میں کام آ جائے میرا ذوق سخن آرائی

تو رئیس روز شفاعت تو امیر لطف و عنایت
ہے ادیب کو تجھ سے نسبت یہ غلام ہے تو آقائی

نعتِ رسولﷺ

بلغی العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ والہ

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہیں اس کو نواز دیں یہ درِ حبیب کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ خدا نہیں بخدا نہیں مگر وہ خدا سے جدا نہیں
وہ ہیں کیا مگر وہ کیا نہیں یہ محب حبیب کی بات ہے

ترے حسن سے تری شان تک ہے نگاہ و عقل کا فاصلہ
یہ ذرا بعید کا ذکر ہے وہ ذرا قریب کی بات ہے

وہ محِل کے راہ میں رہ گئی یہ تڑپ کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی آہ تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر ان سے ہے میرا واسطہ
میری لاج رکھنا میرے خدا یہ تیرے حبیب کی بات ہے

تجھے اے منور بے نوا در شاہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے

جہاں روضۂ پاکِ خیرالوریٰ ہے ۔ نعت رسول مقبول ﷺ

جہاں روضۂ پاکِ خیرالوریٰ ہے وہ جنت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں یہ قسمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
جہاں روضۂ پاکِ خیرالوریٰ ہے وہ جنت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں یہ قسمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

محمد ﷺ کی عظمت کو کیا پوچھتے ہو کہ وہ صاحبِ قابَ قوسین ٹھہرے
محمد ﷺ کی عظمت کو کیا پوچھتے ہو کہ وہ صاحبِ قابَ قوسین ٹھہرے
بشر کی سرِ عرش مہماں نوازی یہ عظمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
بشر کی سرِ عرش مہماں نوازی یہ عظمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

جو آسی کو کملی میں اپنی چھپا لے جو دشمن کو بھی زخم کھا کر دعا دے
جو آسی کو کملی میں اپنی چھپا لے جو دشمن کو بھی زخم کھا کر دعا دے
اسے اور کیا نام دے گا زمانہ وہ رحمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
اسے اور کیا نام دے گا زمانہ وہ رحمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

قیامت کا اک دن معین ہے لیکن ہمارے لیے ہر نفس ہے قیامت
قیامت کا اک دن معین ہے لیکن ہمارے لیے ہر نفس ہے قیامت
مدینے سے ہم جاں نثاروں کی دوری قیامت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
مدینے سے ہم جاں نثاروں کی دوری قیامت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

تم اقبال یہ نعت کہہ تو رہے ہو مگر یہ بھی سوچا کہ کیا کر رہے ہو
تم اقبال یہ نعت کہہ تو رہے ہو مگر یہ بھی سوچا کہ کیا کر رہے ہو
کہاں تم کہاں مدحِ ممدوحِ یزداں یہ جرأت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہاں تم کہاں مدحِ ممدوحِ یزداں یہ جرأت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

جہاں روضۂ پاکِ خیرالوریٰ ہے وہ جنت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں یہ قسمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

درود شریف پڑھیے ﷺ

www.poemsurdu.com

www.poemsurdu.com/naats

بڑی امید ہے سرکار قدموں میں بلائیں گے
کرم ہوگا کبھی ہم پر، مدینے ہم بھی جائیں گے

نظر میں اس کے جلوے عرشِ اعظیم کے سمائیں گے
درِ سرور پہ جو سجدے عقیدت کے لُٹائیں گے

دلوں میں جو دیئے ان کی محبت کے جلائیں گے
یقیناً وہ سراغِ منزل مقصود پائیں گے

اگر جانا مدینے میں ہوا ہم غم کے ماروں کا
مکینِ گنبدِ خضرا کو حالِ دل سنائیں گے

گنہگاروں میں خود آ آکے ہوں گے پارسا شامل
شفیعِ حشر جب دامانِ رحمت میں چھپائیں گے

قیامت تک جگائیں گے نہ پھر منکر نکیر اُن کو
لحد میں وہ جنہیں اپنا رُخِ زیبا دکھائیں گے

قسم اللہ کی مجھ کو، وہ منظر دیدنی ہوگا
قیامت میں رسول اللہ جب تشریف لائیں گے

اُدھر برسے گا بارانِ کرم میدانِ حشر میں
جدھر بھی رحمتِ عالم نگاہوں کو اٹھائیں گے

غمِ عشقِ نبی سے ہوگا جب معمور دل نیّر
ترے ظلمت کدے میں بھی ستارے جگمگائیں گے

شاعر
شرف الدین نیر سہروردی

بڑی امید ہے سرکار قدموں میں بلائیں گے

مذید نعت و منقبت کی لیرکس کے لئے رفاعی نیٹورک آفیشل کو ابھی فالو کریں۔

RIFAI NETWORK OFFICIAL
WHATSAPP NUMBER +919113259405

فاصلوں کو تکلّف

فاصلوں کو تکلف ہے ہم سے اگر، ہم بھی بے بس نہیں بے سہارا نہیں

خود ان ہی کو پکاریں گے ہم دور سے، راستے میں اگر پاؤں تھک جائیں گے

جیسے ہی سبز گنبد نظر آئے گا، بندگی کا قرینہ بدل جائے گا

سر جھکانے کی فرصت ملے گی کسے، خود ہی آنکھوں سے سجدے ٹپک جائیں گے

ہم مدینے میں تنہا نکل جائیں گے، اور گلیوں میں قصداً بھٹک جائیں گے

ہم وہاں جا کے واپس نہیں آئیں گے، ڈھونڈتے ڈھونڈتے لوگ تھک جائیں گے

نام ان کا جہاں بھی لیا جائیگا، ذکر ان کا جہاں بھی کیا جائیگا

نور ہی نور سینوں میں بھر جائیگا، ساری محفل میں جلوے لپک جائیں گے

اے مدینے کے زائر! خدا کے لیے، داستانِ سفر مجھ کو یوں مت سنا

دل تڑپ جائیگا، بات بڑھ جائیگی، میرے محتاط آنسوں چھلک جائیں گے

ان کی چشمِ کرم کو ہے اس کی خبر، کس مسافر کو ہے کتنا شوقِ سفر؟

ہم کو اقبالؔ جب بھی اجازت ملی، ہم بھی آقا کے دربار تک جائیں گے

آقا آقا بول بندے آقا آقا بول

ذکر نبی ﷺ تو کرتا جا یہ ذکر بڑا انمول

ایسا دن بھی آجائے سرکار کے در پے بیٹھے ہوں

لب خاموش زباں بن جائیں آنسو عرضاں کرتے ہوں

ان کے در پے رونے والے دل سے کچھ تو بول

سرکار دو عالم پیارے آقا جدھر سے گذرا کرتے تھے

شجر گواہی دیتا تھا اور پتھر کلمہ پڑھتے تھے

نور خدا کے منکر اب تو اپنی آنکھیں کھول

آؤ چلو دیوانو سارے شہر مدینہ چلتے ہیں

میری کیا اوقات ہے سب ہی ان کے در سے پلتے ہیں

غیروں کو بھی دیتے ہیں بن مانگے بن مول

جب سے ہوش سنبھالا ہے میں ان کی نعتیں پڑھتا ہوں

گستاخی نہ ہو جائے میں سنبھل سنبھل کے چلتا ہوں

ماں کی دعاؤں کا صدقہ ہے نعت کا یہ ماحول

راشد نعتیں لکھنا پڑھنا یہ ہے بڑا اعزاز

ان کے کرم کے صدقے ہی سے اونچی ہے پرواز

نعت نبی تو سنائے جا کانوں میں رس گھول

نعتِ رسول ﷺ

بلغی العلی بکمالہ کشف الدجی بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ والہ

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہیں اس کو نواز دیں یہ درِ حبیب کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ خدا نہیں بخدا نہیں مگر وہ خدا سے جدا نہیں
وہ ہیں کیا مگر وہ کیا نہیں یہ محب حبیب کی بات ہے

ترے حُسن سے تری شان تک ہے نگاہ و عقل کا فاصلہ
یہ ذرا بعید کا ذکر ہے وہ ذرا قریب کی بات ہے

وہ محل کے راہ میں رہ گئی یہ تڑپ کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی آہ تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر اُن سے ہے میرا واسطہ
میری لاج رکھنا میرے خدا یہ تیرے حبیب کی بات ہے

تجھے اے منور بے نوا در شاہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے

Designed By: Chahat Darbhangwi Mob. 8294380163

نعت سرکار ﷺ

Naat lovers

حسبی ربی جل اللہ مافی قلبی غیر اللہ
نور محمد صلے اللہ لا اِلہ اِلا اللہ
تیرے صدقے میں آقا ﷺ سارے جہاں کو دین ملا
بے دینوں نے کلمہ پڑھا لا الہ الا اللہ

سمت نبی ﷺ ابو جاہل گیا آقا ﷺ سے اُس نے یہ کہا
گر ہو نبی بتلاؤ ذرا میری مٹھی میں ہے کیا
*آقا ﷺ کا فرمان ہوا اور فضلِ رحمن ہوا
مٹھی سے پتھر بولا لا اِلہ اِلا اللہ

اپنی بہن سے بولے عمر یہ تو بتا کیا کرتی تھی
میرے آنے سے پہلے کیا چپکے چپکے پڑھتی تھی
بہن نے جب قرآن پڑھا سن کے کلامِ پاکِ خدا
دل یہ عمر کا بول پڑھا لا اِلہ اِلا اللہ

گلشن کلمہ پڑھتے ہیں چڑیاں کلمہ پڑھتی ہیں
دنیا کی مخلوق سبھی ذکر خدا کا کرتی ہیں
کہتے سبھی ہیں جن و بشر کہتا شجر ہے کہتا حجر
کہتا ہے پتا پتا لا اِلہ اِلا اللہ

وہ جو بلال حبشی ہے سرورِ دیں ﷺ کا پیارا ہے
دنیا کے ہر عاشق کی آنکھوں کا وہ تارا ہے
ظلم ہوئے کتنے ان پر سینے پر رکھا پتھر
لب پر پھر بھی جاری رہا لا الہ الا للہ

میرے نبی ﷺ کے غلاموں کا رتبہ بڑا ہے شان بڑی
چاہے غوث اعظم ہوں یا کہ داتا ہجویری
یاد نہیں تمہیں وہ منظر جب خواجہ نے خود چل کر
نوے لاکھ کو پڑھایا لا الہ الا اللہ

خدا کی عظمتیں کیا ہیں محمد مصطفی ﷺ جانیں
مقام مصطفی کیا ہے محمد ﷺ کا خدا جانے

صدا کرنا میرے بس میں تھی میں نے تو صدا کر دی
وہ کیا دیں گے میں کیا لوں گا سخی جانے گدا جانے

ڈراتا مجھے تو کیوں ہے عذاب قبر سے واعظ
وہاں سرکار آئیں گے خطا جانے عطا جانے

کہا جبرئیلؑ نے سدرہ تلک میری رسائی تھی
ہیں کتنی منزلیں آگے، نبی ﷺ جانیں خدا جانے

مدینے حاضری کی مانگتے رہنا دعا یارو
اثر ہو گا نہیں ہو گا نبی ﷺ جانیں دعا جانے

مجھے تو سرخرو ہونا ہے آقا کی نگاہوں میں
زمانے کا ہے کیا ناصر بھلا جانے برا جانے

مناجات

میرے مولا کرم ہو کرم میرے مولا کرم ہو کرم
تُجھ سے فریاد کرتے ہیں ہم میرے مولا کرم ہو کرم

یہ زمیں اور یہ آسماں تیرے قبضے میں ہے دو جہاں
سب پہ تو ہی تو ہے مہرباں ہم تیرے در سے جائیں کہاں
تو ہی سنتا ہے سب کی صدا تو ہی رکھتا ہے سب کا بھرم
میرے مولا کرم ہو کرم میرے مولا کرم ہو کرم

بھول بیٹھے ہیں تیرا کہا تو نے قرآن میں جو لکھا
آج ہیں در بدر اس طرح کوئی بکھرے لڑی جس طرح
ایک کر ہم کو بہرِ شہا ہم نے خود پہ کیے ہیں ستم
میرے مولا کرم ہو کرم میرے مولا کرم ہو کرم

بے کسوں کو سہارا ملے ڈوبتوں کو کنارا ملے
سر سے طوفان پل میں ٹلے جو تیرا اِک اشارہ ملے
تو جو کر دے مہربانیاں دور ہو جائے ہر اِک غم
میرے مولا کرم ہو کرم میرے مولا کرم ہو کرم

کلام خوشبوئے رضا
OFFICIAL
INDIA

کلام خوشبوئے رضا
OFFICIAL
INDIA

ہم کہ رنجور و بے حال ہیں بے کس و خستہ احوال ہیں
اپنے دامن میں آنسوں ہیں بس پاک کر دے ہمارے نفس
ذکر تیرا جہاں بھی کریں ایک پل میں ہو یہ آنکھیں نم
میرے مولا کرم ہو کرم میرے مولا کرم ہو کرم

تنم فرسودہ جاں پارہ زہجراں یا رسول اللہ ﷺ

دلم پژمردہ آوارہ زعصیاں یا رسول اللہ ﷺ

ہجر سے میری جان ٹکڑے ٹکڑے جسم مضمحل ہوگیا یا رسول اللہ ﷺ

میرا دل مرجھا گیا (مردہ ہوگیا) اور گناہوں سے آوارہ ہوگیا یا رسول اللہ ﷺ

چوں سوئے من گزر آری منِ مسکین ناداری

فدای نقشِ نعلینت کنم جاں یا رسول اللہ ﷺ

میری طرف گزر فرمائیں (جانب توجّہ فرمائیں)، میں مسکین و نادار ہوں

آپ کے نقشِ نعلینِ پاک پر میں جان قربان کرتا ہوں یا رسول اللہ ﷺ

زکردہ خویش حیرانم سیاہ شد روز عصیانم

پشیمانم پشیمانم پشیماں یا رسول اللہ ﷺ

اپنے کیے پر میں حیران ہوں میرے گناہوں (کی نحوست) سے دن، رات ہوگیا

پشیمان ہوں پشیمان ہوں پشیماں یا رسول اللہ ﷺ

زجامِ حبِّ تو مستم بازنجیرِ تو دل بستم

نمی گویم کہ من ھستم سخن داں یا رسول اللہ ﷺ

آپ کی محبّت کے جام سے میں مست ہوگیا، آپکی محبّت کی زنجیر سے دل بندھ گیا

میں نہیں کہتا کہ میں شاعر ہوں یا رسول اللہ ﷺ

چوں بازوی شفاعت راکشائی برگناھگاراں

مکن محروم جامی را درآں یا رسول اللہ ﷺ

جب آپ (اپنی) شفاعت کا بازو (دروازہ) گناہگاروں پر کھولینگے

(تو) جامی کو اس وقت محروم نہ کیجیے گا یا رسول اللہ ﷺ

سنے کون قصہ دردِ دل میرا غمگسار چلا گیا
جسے آشناؤں کا پاس تھا، وہ وفا شعار چلا گیا

وہی بزم ہے وہی دھوم ہے، وہی عاشقوں کا ہجوم ہے
ہے کمی تو بس میرے چاند کی، جو تہہ مزار چلا گیا

وہ سخن شناس وہ دور بیں، وہ گدا نواز وہ مہ جبیں
وہ حسیں وہ بحرِ علوم دیں، میرا تاجدار چلا گیا

کہاں اب سخن میں وہ گرمیاں کہ نہیں رہا کوئی قدرداں
کہاں اب وہ شوق میں مستیاں کہ وہ پر وقار چلا گیا

جسے میں سناتا تھا دردِ دل وہ جو پوچھتا تھا غمِ دروں
وہ گدا نواز بچھڑ گیا، وہ عطا شعار چلا گیا

بہیں کیوں نصیرؔ نہ اشکِ غم، رہے کیوں نہ لب پر میرے فغاں
ہمیں بے قرار وہ چھوڑ کر سر راہ گزار چلا گیا

میں تو اُمتی ہوں۔نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم
میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم
میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم

میں تو بے سہارا ہوں دامن بھی ہے خالی ، نبیوں کے نبی تیری شان ہے نرالی
میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم

غم کے اندھیروں نے گھیرا ہوا ہے ، آقا دشوار جینا میرا ہوا ہے
بگڑی بنا دو میری طیبہ کے والی ، نبیوں کے نبی تیری شان ہے نرالی
میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم
میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم

جس کو بلایا گیا وہی عرشِ بریں ہے ، آپ کے سوا ایسا کوئی نہیں ہے
جس کی نہ بات کوئی رب نے بھی ٹالی ، نبیوں کے نبی تیری شان ہے نرالی

میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم
میں تو اُمتی ہوں اے شاہِ امم ، کر دیں میرے آقا اب نظرِ کرم

درود شریف پڑھیے ﷺ

www.poemsurdu.com

مجھ خطا کار سا انسان مدینے میں رہے
بن کے سرکار کا مہمان مدینے میں رہے

یوں ادا کرتے ہیں عشاق محبت کی نماز
سجدہ کعبے میں ہو اور دھیان مدینے میں رہے

ان کی شفقت غمِ کونین بھلا دیتی ہے
جتنے دن آپ کا مہمان مدینے میں رہے

یاد آتی ہے مجھے اہلِ مدینہ کی وہ بات
زندہ رہنا ہے تو انسان مدینے میں رہے

دور رہ کر بھی اٹھاتا ہوں حضوری کے مزے
میں یہاں اور میری جان مدینے میں رہے

چھوڑ آیا ہوں دل و جان یہ کہہ کر اعظم
آرہا ہوں میرا سامان مدینے میں رہے